## برسٹل ڈیمینشیا ویلبیئنگ سروس کے بارے میں

www.bristoldementiawellbeing.org

## ڈیمنشیا ویلبیئنگ سروس کیا ہے؟

**ڈیمنشیا ویلبیئنگ سروس ڈیون پارٹنرشپ NHS ٹرسٹ اور الزائمر سوسائٹی کے درمیان شراکت داری ہے اور ہم برسٹل میں ڈیمینشیا کے علاج کی خدمات فراہم کرنے کے ذمہ دار ہیں۔**

ہم ڈیمنشیا کے مرض میں مبتلا لوگوں کے لیے ذاتی مدد فراہم کرتے ہیں، مقامی شراکت داروں کے ساتھ مل کر ان کے لیے فلاح و بہبود کے منصوبے بناتے ہیں جو ان کے آج اور مستقبل دونوں کی ضروریات کی عکاسی کرتے ہیں۔

ہم GPs، کیئر ہومز، ہسپتالوں اور دیگر صحت کے پیشہ ور افراد اور دیکھ بھال کرنے والوں کے ساتھ کام کرتے ہیں تاکہ ڈیمنشیا میں مبتلا لوگوں کی مدد کی جا سکے، جب اور جہاں یہ لوگ چاہتے ہیں انہیں رہنمائی، تعلیم اور مدد فراہم کریں – اور اس طریقے سے جو ان کے مطابق ہو۔

ہم مقامی کمیونٹی کے ساتھ مل کر بہتر سروس دینے کے لیے کام کرتے ہیں اور برسٹل کو ڈیمنشیا کے متعلق ہم آہنگ شہر بننے میں مدد کرتے ہیں۔

## یہ کس کے لیے ہے؟

**الزائمر سوسائٹی کا اندازہ ہے کہ برسٹل میں ڈیمینشیا میں مبتلا 4,200 لوگ رہ رہے ہیں، جن میں سے سبھی ڈیمنشیا کی ویلبینگ سروس سے کسی نہ کسی طرح مستفید ہو رہے ہوں گے۔**

ہم تشخیص سے لے کر زندگی کے اختتام تک ڈیمنشیا کی دیکھ بھال کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کرتے ہیں، بشمول جب لوگوں کی ضروریات سب سے زیادہ ہوتی ہیں تو بھرپور تعاون کرنا بھی اس میں شامل ہے۔

سروس کی منفرد خصوصیات میں سے ایک یہ ہے کہ ہم ڈسچارج نہیں کرتے اور دیکھ بھال کا یہ تسلسل وہ چیز ہے جو لوگ ہمیں بتاتے ہیں کہ ان کے لیے واقعی اہم ہے۔ جب تک کسی کو ہماری ضرورت ہو ہم یہاں موجود ہیں۔

دیکھ بھال کرنے والوں اور خاندانوں کے لیے، ہم عملی اور جذباتی تعلیم، مشورہ اور مدد بھی فراہم کرتے ہیں۔

ہم اپنے عمل میں حقوق پر مبنی نقطہ نظر کی حمایت کرتے ہیں۔ ہمارا یقین ہے کہ ہر کسی کو، بشمول ڈیمنشیا کی تشخیص کے ساتھ زندگی گزارنے والے، یا ان کی مدد کرنے والوں کو اپنی زندگی جس طرح سے گزارنی ہے، جہاں تک ممکن ہو، گزارنے کا حق ہے۔

## یہ کیسے کام کرتا ہے؟

**برسٹل میں ہر GP پریکٹس میں ڈیمنشیا پریکٹیشنر اور ڈیمینشیا نیویگیٹر کا نام ہوتا ہے۔**

ڈیمنشیا پریکٹیشنرز نگہداشت کی ٹیم کے اہل ممبران ہیں جو ڈیمنشیا والے شخص اور ان کے جی پی (GP) کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں تاکہ یادداشت کے مسائل اور ممکنہ ڈیمنشیا والے لوگوں کی شناخت اور مدد کی جا سکے۔

وہ ابتدائی تشخیص میں مدد کے لیے ماہر یاداشت کے جائزے فراہم کر سکتے ہیں اور لوگوں اور ان کے خاندانوں کو ان کی بیماری کے دوران مشکل وقت میں مدد کرنے کے لیے علاج معالجے کی پیشکش کر سکتے ہیں۔

ڈیمنشیا نیویگیٹرز ڈیمینشیا میں مبتلا لوگوں اور ان کے قریبی لوگوں کی مدد کے لیے ذاتی طور پر کام کرتے ہیں۔

وہ اپنی کمیونٹیز میں مقامی گروہوں اور سرگرمیوں کی نشاندہی کر سکتے ہیں تاکہ معیار زندگی اور صحت پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے اپنی آزادی کو برقرار رکھا جا سکے۔

وہ دوسری ایجنسیوں کو بھی سائن پوسٹ کر سکتے ہیں اور عملی اور جذباتی مدد کے ساتھ معلومات اور رہنمائی بھی فراہم کر سکتے ہیں۔

---

## میں ڈیمنشیا ویلبیئنگ سروس تک کیسے رسائی حاصل کروں؟

اگر آپ کے پاس پہلے سے ہی ڈیمنشیا کی تشخیص ہے، یا کسی ایسے شخص کی دیکھ بھال کر رہے ہیں جو ایسا کرتا ہے، تو براہ کرم ہمارے ایکسیس پوائنٹ کے ذریعے براہ راست ہم سے رابطہ کریں۔ اگر آپ کو تشخیص نہیں ہے یا آپ کی یادداشت کے ساتھ مسائل ہیں، تو آپ اپنے جی پی (GP) کے ذریعے ہماری سروس تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

### رسائی پوائنٹ

اگر آپ کو ریفرل کرنے کے بارے میں کوئی مشورہ درکار ہے یا ڈیمنشیا یا ہماری سروس کے بارے میں کوئی عمومی استفسار درکار ہے تو آپ ہمارے ایکسس پوائنٹ نمبر پر ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

## 0117 904 5151

یہ مندرجہ ذیل اوقات میں کھلا رہتا ہے:

پیر - جمعہ 08:00 - 18:00

ٹیلی فون کے ذریعے بھی تفصیل دستیاب ہے۔

اگر آپ ٹیکسٹ ریلے کے ساتھ تعاون یافتہ بی ایس ایل (BSL) صارف ہیں، تو براہ کرم کال کریں۔**18001 0117 904 5151**

آپ ہم سے ای میل کے ذریعے بھی رابطہ کر سکتے ہیں:dpn-tr.enquiriesBristolDementia@nhs.net

---

## میں مزید کہاں سے جان سکتا ہوں؟

ڈیمنشیا ویلبیئنگ سروس کی ایک ویب سائٹ ہے جہاں آپ مزید جانکاری حاصل کرسکتے ہیں کہ ہم کیا کام کرتے ہیں، بشمول دیگر زبانوں میں ڈیمنشیا کے بارے میں ہماری شاٹ فلموں کے لنکس:

www.bristoldementiawellbeing.org

آپ مزید معلومات یہاں پر بھی حاصل کر سکتے ہیں:

برسٹل، نارتھ سمرسیٹ اور ساؤتھ گلوسٹر شائر انٹیگریٹڈ کیئر بورڈ

bnssg.icb.nhs.uk/health-and-care

ڈیون پارٹنرشپ این ایچ ایس (NHS) ٹرسٹ

www.dpt.nhs.uk

الزائمر کی سوسائٹی

www.alzheimers.org.uk

FaceBook: BristolDementia

X / ٹویٹر: BristolDWS@